ایک اور تحفہ ـــ انوار العرفان فی اسماء القرآن ـــ کے نام سے ہمارے کرم فرما جناب علامہ قاری ظہور احمد فیضی صاحب نے لاہور سے ارسال کیا ہے۔ ۹۸۹ صفحات پر مشتمل یہ ضخیم کتاب نام سے یوں لگتی ہے جیسے قرآن کریم کے اسماء (ناموں) پر لکھی گئی ہو اور نام پڑھنے والا یہ خیال کر سکتا ہے کہ اس میں قرآن کریم کے ناموں کی تفسیر وتشریح ہوگی مگر کتاب کی ورق گردانی سے پتہ چلتا ہے کہ ـــ یہ اسماء القرآن ـــ ایسے ہی ہے جیسے **وعلم آدم الاسماء** میں لفظ اسماء ہے۔ کہ وہاں مجھ جیسا کم علم اور عام آدمی یہی خیال کرتا ہے کہ آدم علیہ السلام کو چیزوں کے نام بتائے گئے ہوں گے مگر اہل علم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالی نے حضرت آدم علیہ السلام کو اشیاء کے حقائق، خواص، اسماء، علوم کے قواعد اور مختلف صنعتوں کے قوانین تعلیم فرمائے۔

جناب فیضی صاحب نے بظاہر اسماء پر گفتگو کی ہے مگر حقیقتا اسماء کے ضمن میں جتنے مباحث کو وہ سمیٹ سکتے تھے انہوں نے انہیں سمو اور سمیٹ دیا ہے۔ ایسا لگتا ہے جیسے حضرت مؤلف کا فی الحال کوئی اور کتاب لکھنے کا ارادہ نہ ہو کہ اس کتاب میں مؤلف وہ سب کچھ کہنے کی کوشش میں ہیں جو بہت سی کتابوں اور مختلف موضوعات پر لکھی جانے والی کتابوں میں لکھا اور کہا جا سکتا ہے۔ یہ بھی ممکن ہے انہوں نے اپنے ذہن میں موجود ان تمام موضوعات کو قرطاس پر بکھیرنے کی کوشش کی ہو جن پر وہ آئندہ تفصیل سے لکھنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو یہ بڑی ہی خوش آئند بات ہوگی۔ اللھم زد فزد ـــــ فیضی صاحب بڑی ہمت اور عزم واستقامت والے آدمی ہیں امید ہے مزید لکھیں گے اور لکھتے ہی چلے جائیں گے۔ قبولیت عطا کرنا اللہ تعالی کا کام ہے۔ **وقل اعملوا فسیری اللہ عملکم ورسولہ**..........

اس کتاب میں قرآن کریم میں وارد ۱۰۱ اور احادیث مبارکہ سے ۲۴ اسماء قرآن اخذ کر کے ان پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔ چنانچہ بعض جگہ طوالت اس قدر ہوگئی ہے کہ سوچنا پڑتا ہے کہ اس گفتگو کا اصل موضوع (اسماء قرآن) سے تعلق بھی بنتا ہے یا نہیں چنانچہ اس کے لئے بالفاظ مولف امعان نظر کی ضرورت ہے۔ جس طرح قرآن ھدی للمتقین ہے اسی طرح یہ کتاب بھی نافع للقارئین۔ ایک ہزار کے لگ بھگ صفحات پر مشتمل اس کتاب میں (قارئین) پڑھنے والوں کے لئے بہت کچھ ہے۔ اور جو اسے پڑھے گا وہ انشاء اللہ ضرور اس سے مستفید ہوگا۔ ہاں البتہ اہل علم کی بات ہم نہیں کرتے۔ کتاب حوالہ جات سے مزین ہے۔ اور اسماء قرآن پر اردو زبان میں ایک وقیع کام ہے۔ اللہ تعالی فیضی صاحب کو فیضِ قرآن وسنت وعلومھا کو عام کرنے اور اہل ایمان کو اس سے فیض یاب ہونے کی توفیق مرحمت فرمائے (آمین) کتاب ضیاء القرآن پبلی کیشنز نے شائع کی ہے اور قیمت غیر مطبوعہ ہے۔

(شاید حساب دوستاں دردل.............. والی بات ہو) ـــــ (مزید صفحہ ۸۴ پر)